ابو طلحہ مختار اللہ حقانی*

رسول اللہ ﷺ سے بیس (۲۰) رکعات تراویح پڑھنے کی تحقیق

محترم جناب ایڈیٹر ماہنامہ ''الحق'' اکوڑہ خٹک۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

جناب! ماہنامہ الحق ستمبر ۲۰۰۴ء جلد نمبر ۳۹ ص ۳۴ میں درج ہے کہ نبی کریم صلعم نے بنفس نفیس ۲۰ رکعات تراویح کی نماز ادا فرمائی ہے.....حالانکہ علمائے احناف اس کے خلاف فرماتے ہیں۔

۱۔ امام ابوحنیفہؒ: آپ ﷺ نماز عشاء سے لے کر نماز فجر تک آٹھ رکعت اور تین وتر پڑھتے تھے (کتاب الآثار ص ۲۶) ۲۔ امام محمد تلمیذ ابوحنیفہ: رسول اللہ رمضان میں یا اس کے علاوہ گیارہ رکعات پر اضافہ نہیں کرتے تھے (موطاء امام محمد مترجم ص ۱۲۲) ۳۔ امام ابن ہمام حنفیؒ: ہدایہ کی شرح فتح القدیر میں لکھتے ہیں۔تراویح کی مسنون تعداد گیارہ رکعات ہے (ص ۶۰۷ ج۔۱) ۴۔ علامہ بدرالدین عینیؒ: (عمدۃ القاری ص ۱۷۷ ج۔۱)

۵۔ ملا علی قاری حنفیؒ: (مرقاۃ المفاتیح ص ۱۹۶، ج ۱) ۶۔ مولانا عبدالحئی لکھنویؒ : (التعلیق الممجد ص ۱۶۱)

۷۔ انور شاہ کاشمیریؒ (العرف الشذی ص ۱۶۶ ج ۱) ۸۔ جلال الدین السیوطی: (المصابیح فی رکعات التراویح ص ۱۶۔ ۹۔ عبدالحق دہلوی: (ماثبت بالسنۃ ص ۲۱۷

۱۰۔ قاضی شمس الدین (القول الفصیح ص ۵) ۱۱۔ طحطاوی شرح درمختار جلد نمبر ۱ ص ۲۹۵ ان النبی ﷺ لم یصلها عشرین بل ثمانیاً ۱۲۔ ابوالسعود شرح کنز الدقائق ص ۱۶۵۔ ج، ۱ مصری لأن النبی ﷺ لم یصل عشرین بل ثمانیاً۔ ۱۳۔ الشیخ عبدالحق دہلوی اپنی کتاب ''فتح سر المنان فی تائید مذہب النعمان'' کے صفحہ نمبر ۳۲۷ میں لکھتے ہیں۔ولم یثبت روایۃ عشرین منہ ﷺ کما ھو المتعارف: (مروجہ ۲۰ رکعت نبی ﷺ سے ثابت نہیں.....) تو جناب آپ کے پاس کوئی نص ہے تو بندہ کی رہنمائی فرمائیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ۲۰ رکعت تراویح ادا کی ہے۔امید ہے ضرور جواب دیں گے۔

---

* مفتی واستاد شعبہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء۔ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک